19) وہ حضرات جنہوں نے سال 2026-27 کیلئے رجسٹریشن کرایا ہو۔ بولی میں حصہ لے سکتے ہیں۔

20) مجاز اتھارٹی کو حق حاصل ہے۔ کہ وہ معقول وجوہات کی بناء پر کوئی بولی مسترد کردے۔

21) ٹھیکدار حکومت /صوبائی حکومت / تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن (بابوزئی) سوات کے طرف سے ٹھیکہ کی متعلق جاری ہونے والے تمام ہدایت واحکامات کا پابند ہوگا۔

22) اگر ٹھیکدار اور فیس دہندہ کے درمیان تنازعہ پیدا ہو جائے ۔ تو ایسی صورت میں تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن (بابوزئی) سوات کا فیصلہ حتمی ہوگا۔

23) ٹھیکدار سائن بورڈز/اشتاری بینرز سے فیس وصول کرنے کا حقدار ہوگا جو کہ بغرض اشتار تحصیل میونسپل ایڈ منسٹریشن (بابوزئی) مینگورہ سوات کے حدود میں لگائی جائیگی جس کی منظوری ٹی ایم اے بابوزئی نے دی ہوگی۔

24) ٹھیکدار تحصیل میونسپل ایڈ منسٹریشن کبل، تحصیل میونسپل ایڈ منسٹریشن بریکوٹ، تحصیل میونسپل ایڈ منسٹریشن خوازاخیلہ تحصیل میونسپل ایڈ منسٹریشن چارباغ، اور تحصیل میونسپل ایڈ منسٹریشن بحرین سوات کی حدود میں فیس وصول نہیں کریگا۔

25) ٹھیکدار ان بورڈوں سے فیس وصولی کا حقدار نہ ہوگا۔ جو کہ دکان، مارکیٹ پلازہ پر لگا ہو جو ان کی شناخت ظاہرکرے۔ جس پر کسی نیشنل یا ملٹی نیشنل کمپنیز کی شناخت یا لوگو موجود نہ ہو۔

26) سرکاری اداروں کی بورڈز،بینرز فیس سے مستثنیٰ ہوگی۔

27) ٹھیکدار اشتاری بورڈ،بینرز فیس30جون 2026تک وصول کرنے کا حقدار ہوگا۔گزشتہ بقایاجات پر ٹھیکدار کا کوئی حق نہ ہوگا۔

28) ٹھیکہ کی متعلق جملہ عدالتی/قانونی چارہ جوئی کی اخراجات ٹھیکدار پر ہوگی۔

29) ٹھیکدار درجہ ذیل شرح کے مطابق بورڈ،بینرز فیس وصولی کا حقدار ہوگا۔

-1 اشتہاری بورڈ ہر قسم 50/-روپے فی مربع فٹ سالانہ

-2 پول بینر بینر ہر قسم 100/-روپے فی بینر ماہوار

-3 روڈ کراس بینر 150/-روپے فی بینر ماہوار

-4 سٹیمر 200/-روپے فی سٹیمر ماہوار

30) ٹھیکدار ابتدہی فیس /NOCاور بورڈ کے جگہ کے کرایہ کی وصولی کا حقدار نہ ہوگا۔اگر فیس دہندہ بغرض چوری فیس ادانہ کریں۔ تو ایسی صورت میں ٹھیکدار فیس دہندہ سے گیارہ (11)گناہ بطور جرمانہ وصول کریگا۔جس کا ادھاحصہ تحصیل میونسپل ایڈ منسٹریشن بابوزئی)مینگورہ سوات کا ہوگا۔

31) ٹھیکدار مقررہ شرح سے زیادہ وصولی نہیں کریگا۔ زیادہ وصولی کیصورت میں ٹھیکدار سے گیارہ (11)گناہ بطور جرمانہ وصول کیا جائیگا۔ اگر ٹھیکدار بار بار زیادہ وصولی کرتاہوا پایا گیا۔ تومجاز اتھارٹی کے منظوری سے قانونی کاروائی عمل میں لائی جائیگی۔

32) ٹھیکدار کسی کمپنی یا شخص سے فیس وصول کرنے سے پہلے تحصیل میونسپل ایڈ منسٹریشن (بابوزئی) مینگورہ سوات کو اس جگہ کا نشاندہی کرائے گا۔ جہاں پر بورڈ،بینرز لگانا ہو۔ ٹھیکدار مجاز نہ ہوگا۔کہ تحصیل میونسپل ایڈ منسٹریشن (بابوزئی) مینگورہ سوات کے منظوری کی بغیر بورڈ،بینرز لگنے کی اجازت دیں یا فیس وصول کرے۔

33) بورڈ، بینرز کے سلسلے میں کسی قسم کی تنازعہ کی صورت میں تحصیل میونسپل ایڈ منسٹریشن (بابوزئی) مینگورہ سوات کا فیصلہ حتمی ہوگا۔

34) ٹھیکدار فیس وصولی تحصیل میونسپل ایڈ منسٹریشن (بابوزئی) مینگورہ سوات کے منظور شدہ فارم پر کریگا۔اور استعمال شدہ ریکارڈ کو محفوظ رکھے گا۔

35) ٹھیکدار اپنے ایجنٹ /اہلکار مقرر کرنے کیلئے تحصیل میونسپل ایڈ منسٹریشن (بابوزئی) مینگورہ سوات سے منظوری لینے کا پابند ہو گااور ذاتی ملازمین کا جملہ کوائف فراہم کریگا۔ ذاتی ملازمین کے جملہ اخراجات بذمہ فریق دوم ہونگے۔

36) کسی بھی حالات یا ٹھیکہ میں نقصان کی صورت میں ٹھیکدار کسی قسم کی رعایت کا مستحق نہ ہوگا۔اگر ٹھیکدار کسی بھی وجہ سے نقصان اٹھائے۔ تو اس صورت میں تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن (بابوزئی) مینگورہ سوات زمہ دار نہ ہوگی۔

37) اگرٹھیکہ ٹھیکدار کو منتقل/حوالہ ہونے سے پہلے یا بدوران ٹھیکہ شرح میں کمی بیشی کی گئی۔ تو اسی تناسب سے ٹھیکہ کی رقم میں مجاز اتھارٹی منظوری سے کمی بیشی کی جائیگی ٹھیکدار کسی قسم کا اعتراض قانونی کاروائی کرنے کا مجاز نہ ہوگا۔

38) تحصیل میونسپل ایڈ منسٹریشن (بابوزئی) مینگورہ سوات وقتاً فوقتاً جو بھی ہدایات جاری کریگا ٹھیکدار اسکا پابند ہوگا۔

39) فریق دومCovid-19 اوردیگروباء/امراض کیصورت میں حکومتیSopsپرعمل درامدکرنے کاپابندہوگا۔

Scanned with CamScanner

